ALMOIZ
INDUSTRIES LIMITED

# مربوط انتظامی پالیسی

المعز انڈسٹریز لمیٹڈ کی قیادت اور افرادی قوت "چینی کی پیداوار" کے حلال اور محفوظ فوڈ ویلیو چین میں نمایاں کردار ادا کرنے کے لئے پُر عزم ہے۔ یہ عزم فوڈ کوالٹی، فوڈ سیفٹی مینجمنٹ سسٹم، حفظان صحت، پیشہ ورانہ حفاظت، ماحولیاتی ذمہ داری اور سلامتی کے اعلی معیار کو برقرار رکھنے پر ہماری غیر متزلزل توجہ میں ظاہر ہوتا ہے۔ ہمارا مقصد مشترکہ ٹیم ورک، موثر روابط، جاری بہتری، اور پائیداری کے لئے مستقل عزم کے ذریعے اپنے معزز گاہکوں کی مکمل اطمینان کو یقینی بنانا ہے۔

ہم بین الاقوامی، قومی اور کمپنی کے صحتی، حفاظتی، سماجی، ماحولیاتی، کوالٹی، حلال اور فوڈ سیفٹی معیارات کے ساتھ اپنے تنظیمی سیاق وسباق میں لاگو متعلقہ قوانین وضوابط پر عمل کرنے کے لئے مخلص ہیں۔ ہم صارفین کی صحت اور فلاح و بہبود کے تحفظ، صنعتی فضلے کو کم کرنے، آب وہوا کی تبدیلی کے خطرات سے نمٹنے، قدرتی وسائل کے تحفظ، مقامی برادری کی مدد کرنے، قابل تجدید اور موثر توانائی کے استعمال کو ترجیح دینے، اور اپنے کارکنان کو درپیش پیشہ ورانہ صحت و حفاظت کے خطرات کو مناسب حد تک ختم کرنے کے لئے سرگرم ہیں۔

المعز انڈسٹریز لمیٹڈ تمام سرگرمیوں میں اپنے انتظامی نظام کو مسلسل بہتر بنانے کے لیے باقاعدہ متعین مقاصد اور اہداف کے جائزے اور حصول کو ترجیح دیتی ہے۔

سلمان شہریار

چیف آپریٹنگ آفیسر